نمبر : 2456

کتاب کا نام... :۔ اذکار الاطہار فی مناقب مشائخ الکبار
(شاہیہ بخاریہ مشائخ کے حالات پر مختصر رسالہ)

مصنف ........ :۔ سید محمد مقبول عالم بخاری

مہر ومالک.. :۔ -

سائز............. :۔ 21x3c=12-2c سطور ... :۔ ۲۰

اوراق ........... :۔ ۲ کاتب .... :۔ -

تاریخ کتابت.. :۔ - خط ....... :۔ نسخ

زبان ............. :۔ فارسی موضوع :۔ تذکرہ

آغاز............... :۔ اسرار و انظار واسطہ انتظام خاندان نبوت و ولایت ورابقہ القیام دودمان امامت وھدایت عم اعیانی اوالرتھی الاعظم ابوعبداللہ جعفر الثانی بودرضی اللہ تعالیٰ عنہ

اختتام ........ :۔ وبشاراتی کہ از حضرت مقدسہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم واز سادات عظام ومشائخ کرام درباب آنحضرت ورود یافتہ اگر عمر وفا کند دردفاتر دیکر نوشتہ شود انشاء اللہ تعالی

ترقیمہ .......... :۔ کنون گردد بقا باشد درنگی :: بدین شیشہ نیارد چرخ سنگی

زبخششہا کہ من در سینہ دارم :: بریزم آنچہ در گنجینہ دارم

صلی اللہ علی محمد و آلہ الطاہرین

حالت .......... :۔ غیر مجلد ناقص الاول

نوٹ .......... :۔ حضرت مولی علی، امام جعفر، و دیگر خاندان قطبی و شاہی کے اکابرین کے یوم ولادت ووفات اور مزید مزارات مقدسہ پر مختصر فارسی میں رسالہ ہے جو مفید و کارآمد ہے۔ بخاری و بھکری سادات کا قافلہ ھند میں وارد ہوا مگر آیا بخاری سادات پہلے ہند میں تشریف لائے یا بھکری سادات تشریف لائے؟ اس سے متعلق صاحب کتاب کا فیصلہ ملاحظہ کریں۔ تحریر کرتے ہیں صفحہ B1 میں ''ورود سادات بھکری پیش از سادات بخاری بہند افتادہ اند و ہر دو قبیلہ رضوی میباشند''۔ یہ اذکار الاطہار کا دوسرا ناقص الاول نسخہ ہے۔ حضرت پیر محمد شاہ لائبریری کا وہ نسخہ جس کا نمبر 1274 ہے اس مخطوطہ میں اذکار الاطہار کے صفحہ 7 سے آغاز ہوتا ہے اُس میں ''اسرار و انظار'' کا لفظ نہیں ہے اور اس مخطوطہ میں اسرار و انظار سے آغاز ہے پھر اُس کے بعد ''واسطۂ انتظام خاندان نبوت و ولایت الخ'' بعینہٖ ہے اور پھر 1274 والے نسخہ میں بعد وفات سید الاقطاب مخدوم جہانیاں علیہ الرحمۃ والرضوان بچہار سال وھفت تک ہی عبارت ہے اور وہ ناقص الآخر ہے جبکہ اس مخطوطہ میں حضرت سید برھان الدین قطب عالم کے سن وفات اور مرقد مبارک کے ذکر کے علاوہ حضرت سید سراج الدین شاہ عالم کی بھی تاریخ ولادت و وفات اور مرقد مبارک کا ذکر ہے اور اختتام کے ساتھ ہے..... اب یہ بات صاف ہوگئی کہ 1274 والا اذکار الاطہار کا نسخہ ناقص الآخر ہے اور یہ نسخہ ناقص الاول ہے۔ اب اگر دونوں کے مذکورہ اوراق کو ملا لیا جائے تو اس کتبخانہ میں مکمل اذکار الاطہار فی مناقب مشائخ الکبار کا نسخہ موجود ہے۔